سوال

(290) سورج کے اعتبار سے عصر کا اوّل وقت کب شروع ہوتا ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة الله وبرکاته

سورج کے سائے کے حساب سے عصر کا اوّل وقت کب شروع ہوتا ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة الله وبرکاته!

الحمد لله، والصلاة والسلام علیٰ رسول الله، أما بعد!

جب ہر شے کا سایہ اس کے برابر ہوجائے تو عصر کا اول وقت شروع ہوجاتا ہے۔ چنانچہ حدیث میں ہے :

'صَلَّی العَصرَ حِینَ کَانَ ظِلُّهٗ مِثلَهٗ' ابوداؤد مع عون المعبود ۱/۱۵

نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد گرامی ہے : ''جبریل نے مجھے نماز عصر اس وقت پڑھائی جب کہ ہر شے کا سایہ اس کے برابر ہوچکا تھا۔'' (تفصیل کے لیے ملاحظہ ہو! مرعاۃ المفاتیح (۳۸۵/۱)

ھذا ما عندي والله أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ : صفحہ : 287

محدث فتویٰ